# ACCESS for ELLs
# اپنے بچے کے اسکور کو سمجھنا

**ACCESS for ELLs انگریزی زبان میں مہارت کا ایک ٹیسٹ ہے جو طلباء کی انگریزی زبان کی تعلیمی مہارتوں کی پیمائش کرتا ہے۔**



- اسکول، اسکول ڈسٹرکٹس اور ریاستیں اس وقت ACCESS for ELLs اسکورز کا استعمال کرتے ہیں جب وہ یہ طے کرتے ہیں کہ انگریزی زبان کی کون سی امدادی خدمات فراہم کرنی ہے۔
- اساتذہ ٹیسٹ اسکور کا استعمال اس وقت کرتے ہیں جب وہ یہ فیصلہ کرتے ہیں کہ آپ کے بچے کو کیسے بہترین طریقے سے پڑھانا ہے۔
- آپ اپنے بچے کی حمایت میں بات کرنے کے لیے ٹیسٹ کے اسکور کا استعمال کرسکتے ہیں۔

---

طلباء کی انفرادی رپورٹ میں آپ کے بچے کے ACCESS for ELLs اسکور کو آٹھ مختلف زمروں میں دکھایا گیا ہے۔ ان میں سے چار زمرے زبان دانی شعبہ کے سننے، بولنے، پڑھنے اور لکھنے کے ہیں۔ زبان سے متعلق یہ چار اسکور مل کر اسکور کے چار اضافی زمرے بناتے ہیں:

- زباندانی کا زبانی زمرہ آپ کے بچے کے سننے اور بولنے کے اسکور کا مجموعہ ہوتا ہے۔
- خواندگی کا زمرہ آپ کے بچے کے عبارت خوانی اور تحریری اسکور کا مجموعہ ہوتا ہے۔
- تفہیم کا زمرہ آپ کے بچے کے سننے اور عبارت خوانی کے اسکور کا ایک مجموعہ ہوتا ہے۔ یہ سماعت کے اسکور کے مقابلے میں عبارت خوانی کے اسکور پر زیادہ انحصار کرتا ہے۔

## ELL

انگریزی زبان سیکھنے والا، یا ELL، ایک ایسا طالب علم ہے جس کو دوسری کلاسوں کے علاوہ، انگریزی میں تدریس حاصل کرنے کا موقع ملتا ہے۔ ہر سال ELLs کا ٹیسٹ ہوتا ہے تا کہ اساتذہ کو ان کی زبان کی مہارت کو سمجھنے میں مدد ملے، لیکن آپ کو زبان کی مدد کو قبول کرنے یا مسترد کرنے کا حق ہے۔

## زبان کا ڈومین

طلبا سماعت، تکلم، عبارت خوانی اور تحریر کی مہارت کا استعمال تعلیمی مضمون سیکھنے، معلومات کا اشتراک کرنے اور خیالات پر تبادلہ خیال کرنے کیلیے کرتے ہیں۔ یہ ایسی مہارتیں ہیں جن پر تمام طلبا اپنی تعلیم کے دوران کام کرتے ہیں۔ زبان کی ٹیسٹنگ ان چاروں ڈومین میں طالب علم کی مہارت کی پیمائش کرتی ہے۔

WIDA وسکونسن میڈیسن یونیورسٹی میں وسکونسن سنٹر برائے تعلیم ریسرچ
©2020 وسکونسن سسٹم یونیورسٹی کے بورڈ آف ریجنٹس میں واقع ہے، WIDA کی جانب سے

- مجموعی زمرہ زباندانی کے چاروں شعبوں کے اسکور کا مجموعہ ہوتا ہے۔ یہ سماعت اور بولنے کے اسکور کے مقابلے میں عبارت خوانی اور تحریر کے اسکور پر زیادہ انحصار کرتا ہے۔

انفرادی طلبا کی رپورٹ میں ان آٹھ زمروں میں سے ہر ایک کے لیے، دو اسکور ہوتے ہیں:

- مہارت لیول کے اسکور آپ کے بچے کی موجودہ مہارت کو چھ WIDA متبادل انگریزی زبان کی مہارت کے لیول کے اندر رکھتے ہیں۔ (مہارت کے لیول کا تعلق کسی طالب علم کے گریڈ لیول سے نہیں ہوتا ہے۔) انفرادی طلبا کی رپورٹ کے نچلے حصّے میں آپ کے بچے کی مہارت کے لیول کی مخصوص زبان کی مہارت کو بیان کیا گیا ہے۔
- اسکیل اسکور ان اقدامات کے عین مطابق ہیں جن کا مظاہرہ آپ کے بچے نے ٹیسٹ میں کیا تھا۔ ان میں آپ کے بچے کے گریڈ لیول کو اور آپ کے بچے کے ذریعہ مکمل کردہ ٹیسٹ آئٹم کی دشواری کو دھیان میں رکھا جاتا ہے۔ اساتذہ اس اسکور کا استعمال یہ سمجھنے کے لیے کرتے ہیں کہ جب سے آپ کے بچے نے ACCESS for ELLs ٹیسٹ دیا ہے اسکے بعد سے آپ کے بچے کی انگریزی زبان کی مہارت کتنی بڑھی ہے۔



## زبان کی مہارت

زبان کی مہارت کا لیول اس بات کی ایک پیمائش ہے کہ زبان کی مہارت کے حصول میں طلباء کی پیش رفت کیا ہے۔ جب طلبا زبان کی مہارت کے اعلی لیول تک پہنچ جاتے ہیں تو، انھیں زبان کی مدد کی خدمات کی مزید ضرورت نہیں ہوتی ہے۔

---

## سوالات جو آپ پوچھ سکتے ہیں

- اس اسکور کا کیا مطلب ہے؟ کون اس اسکور کو دیکھے گا اور اسے کس طرح استعمال کیا جائے گا؟
- پچھلے اسکور کے مقابلے میں اس سال کا اسکور کیسا ہے؟ کیا میرا بچہ انگریزی زبان کی مہارت کی تعمیر میں پیشرفت کر رہا ہے؟ پیشرفت کی پیمائش کرنے کے لیے آپ کون سی دوسری معلومات کا استعمال کرتے ہیں؟
- کیا اس اسکور سے میرے بچے کو حاصل ہونے والی تعلیم میں تبدیلی آئے گی یا مدد ملے گی؟ اس بات کا فیصلہ آپ کیسے کرتے ہیں کہ کب میرا بچہ زبان کی مدد لینا بند کردے؟

---

اسکول ڈسٹرکٹ زبان میں مدد کے پروگراموں کا تخمینہ کرنے کے لیے، طلباء کی پیشرفت پر نظر رکھنے کے لیے اور زبان کی مدد کی خدمات سے کسی طالب علم کو باہر کرنے کے فیصلے میں ایک عنصر کے طور پر **ACCESS for ELLs** اسکور کا استعمال کرتے ہیں۔ ACCESS for ELLs ٹیسٹنگ سے اسکولوں کو وفاقی اور ریاستی جواب دہی کے مطلوبات کو پورا کرنے میں مدد ملتی ہے۔

WIDA وسکونسن میڈیسن یونیورسٹی میں وسکونسن سنٹر برائے تعلیم ریسرچ
©2020 وسکونسن سسٹم یونیورسٹی کے بورڈ آف ریجنٹس میں واقع ہے، WIDA کی جانب سے